# الیکشن کمیشن آف پاکستان

# (شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

**مورخہ 7 مئی، 2018ء**

الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں آج چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبران الیکشن کمیشن، سیکرٹری الیکشن کمیشن، الیکشن کمیشن کے سینئر افسران سمیت نادرا، سٹیٹ بینک آف پاکستان، ایف بی آر، نیب، پیپکو، سوئی گیس اور ایف آئی اے کے افسران نے شرکت کی۔

اجلاس کا مقصد عام انتخابات 2018ء میں امیدواروں کی آن لائن سکروٹنی کے لئے ایک ایسا سسٹم تیار کرنا ہے جس کے تحت نیب، ایف بی آر، ایف آئی اے، سٹیٹ بینک، الیکشن کمیشن سے لنک ہوں تاکہ امیدواران سے متعلق ضروری معلومات تمام ریٹرننگ افسران کو مہیا کی جائیں۔ اس نظام کا مقصد امیدواروں کی سکروٹنی کے عمل کو شفاف بنانا ہے۔

اجلاس میں طے ہوا کہ نادرا آن لائن سکروٹنی سسٹم کا سافٹ ویئر تیار کریگا اس سافٹ ویئر کی الیکشن کمیشن سے منظوری کے بعد مذکورہ بالا تمام ادارے اور ریٹرننگ افسران اس نظام سے منسلک ہو جائینگے۔ اس سافٹ ویئر کے ذریعے تمام امیدواروں کے کوائف نادرا کو فراہم کئے جائیں گے۔ نادرا امیدواروں سے متعلق معلومات الیکشن کمیشن اور مذکورہ بالا اداروں کو فراہم کرے گا۔ اور تمام ادارے ضروری کارروائی کے بعد امیدواروں سے متعلق معلومات الیکشن کمیشن کو دیں گے اور الیکشن کمیشن یقینی بنائے گا کہ تمام ریٹرننگ افسران کو سکروٹنی کے دوران یہ معلومات دستیاب ہوں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆